Mr. Ali Iqtidar Shah Dara, Vice-President of the Pakistan Hockey Federation, today denied having said anything against the umpiring at recently concluded Hockey Tournament in Montreal.

Commenting on a news agency report (not APP) which attributed to him as having said that he would raise the issue of umpiring at next meeting of the International Hockey Federation, Mr. Dara said in a statement issued on Thursday that this issue was not even discussed at the interview.

He said he sincerely believed that it was in highly bad taste to discuss umpiring after the match.

Mr. Dara said that after the 3rd World Cup at Kuala Lumpur, Pakistan Hockey Federation had officially made certain proposals in the interest of the game including:

(i) To have goal judges in the semi-finals and finals of all important tournaments;
(ii) To have slow telecast of all the goals scored in semi-finals and finals and
(iii) To take severe action against umpires who make crucial mistakes in important matches.—APP

P.M.'s remarks on ties with B.D. clarified

RAWALPINDI, —— Following is the text of the question on relations with Bangladesh put by Rikuo Sato of the Japanese daily "Mainichi Shimbun" in his interview with Prime Minister Zulfikar Ali Bhutto and the answer given by the Prime Minister. In the last but one sentence of the answer the word "liabilities" was inadvertently transmitted as "Biharis."

QUESTION: What about relations with Bangladesh? Since Pakistan accorded recognition to Bangladesh in February last year, it seems that relations have not improved at all.

ANSWER: Whenever we try to normalise relations with Bangladesh, that country brings up a new problem. The problems are repatriation of Biharis and division of assets and liabilities. A solution of these problems is not easy. The Biharis in Bangladesh are the people who originally migrated to East Bengal. Why is it necessary for Pakistan to take them over? By dismemberment, we lost half of the country. Bangladesh according to the ratio of population, demands 56 per cent of the foreign currency, vessels, and aircraft of Pakistan. But she does not want to touch liabilities. She merely demands a share in assets. Meanwhile, Bangladesh will not stop circulating false reports about the massacre of three million people.—APP.

Soviet ship at Karachi

KARACHI, —— Soviet ship "Mednogorsk" has arrived at the Karachi Port with 1412 tons of equipment for the Pakistan Steel Mills Corporation, it was officially stated here.

The ship is carrying a cargo of 4416 tons which also included 2128 tons of machinery for WAPDA, and spare parts and electrical goods for the Oil and Gas Development Corp.—APP.

گاڑی کی ٹکر ہو جانے پر فکر نہ کیجئے۔ ظہیر میر گاڑیوں کی مرمت کرنے میں مہارت رکھتے ہیں۔

IF THIS Happens To You!

Expert Body Work

General Collision Repairs

Spray Painting

Guaranteed Work

FREE ESTIMATES

National AUTO BODY
614 Danforth Rd. (at Kennedy) 261-4262

FOR SALE
MUZAFFAR
226-5454
MORTGAGES
APPRAISALS
COMPLETE SERVICES

نسیم مظفر بروکر

ہمیں آپ رہائشی، دیہاتی، کمرشل اور فارم وغیرہ کی جائیدادوں کی خرید و فروخت اور مارگیج کا بندوبست کرنے کے لیئے ہر وقت تیار پائیں گے۔

FOR SALE
MUZAFFAR
226-5454
MORTGAGES
APPRAISALS
COMPLETE SERVICES

2901 BAYVIEW AVENUE, WILLOWDALE, ONTARIO M2K 1E6

(Bayview Village Plaza, Suite 219)

MEMBER OF THE TORONTO REAL ESTATE BOARD

نیپ کے بارے میں ریفرنس کی سماعت ۱۸ اگست پر ملتوی کر دی گئی

مزید دو گواہوں کے بیانات قلم بند کر لیے گئے

سپریم کورٹ میں کچھ مزید دستاویزات پیش کر دی گئیں

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) سپریم کورٹ آف پاکستان کے چیف جسٹس [illegible]

[illegible]

[illegible]

حدیث نبوی

۱- اپنے باپ کی تابعداری کرو۔
۲- والدہ کی خدمت باپ سے دگنی اولاد کے ذمہ لازم ہے۔

Visit Us

FOR ALL KINDS OF SWEETS AND SALTISH GOODIES

WE ALSO DELIVER FOR PARTIES AND MARRIAGES

SHALIMAR SWEETS SHOP

479 KING STREET EAST, HAMILTON, ONT.
PLEASE CALL FARAH AHMAD AT 529-8502
AFTER HOURS 388-8846

Please Visit Us for

FRESH HALAL MEATS, ALL KINDS OF SPICES, ALL KINDS OF DALLS, PICKELS, FRESH VEGETABLES & TROPICAL FRUITS ETC.ETC.

PANDORA VARIETY

118 PANDORA AVE., N., KITCHENER, ONT.
PHONE: 744-4041
OPEN DAILY FROM 9.00 AM TO 10.00 PM
ON WEDNESDAY OPEN FROM 6.00PM TO 10.00PM ONLY

صبیح الدین منصور کی فخریہ پیشکش

[illegible]

انمول [illegible]

[illegible]

SATURDAY SEPT 6 AT 3.00, 6.00 & 9.00 PM
SUNDAY, SEPT. 7, AT 3.00, 6.00 & 9.00 PM

A[illegible] CINEMA
[illegible]4 COLLEGE STREET
[illegible] BLOCKS WEST OF SPADINA [illegible]

[illegible] INFORMATION CALL 9[illegible] 0222 OR 279 [illegible]

مختصر مختصر اشتہارات

ضرورت رشتہ

ایک معقول صورت، [illegible] لڑکی کے لیے جس کی عمر ۲۲ سال ہے کینیڈا میں امیگرنٹ پنجابی مسلمان لڑکے کا رشتہ مطلوب ہے۔ [illegible]

MOHAMMAD
C/O CRESCENT

(مختصر اشتہارات کا معاوضہ صرف ۵ ڈالر ہے۔ جس کی پیشگی ادائیگی ضروری ہے)

چندے کی تجدید

آپ کے پرچے پر سرخ مہر اس بات کی نشاندہی کرتی ہے کہ آپ کا چندہ ختم ہو چکا ہے۔ اگر آپ نے جلد ہی اس کی تجدید نہ کی تو اخبار ملنا بند ہو جاتا ہے۔ براہ مہربانی سرخ مہر پر نظر رکھیے اور ہمیں اپنی خدمت کا موقع دیجیے۔
(ادارہ)

قائد

مانٹریال کی پاکستان سٹوڈنٹس ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام ۱۵ اگست سے ایک ماہوار پرچہ "قائد" کے نام سے شائع ہوگا جو خبروں اور طلباء کے متعلق مضامین پر مشتمل ہوگا۔

اطلاع

ڈاکٹر شاہدہ خان۔ ایم ڈی۔ ایف آر سی پی (کینیڈا) جو ٹورانٹو میں بیمار بچوں کے ہسپتال سے منسلک ہیں اطلاع کرتی ہیں کہ انھوں نے بچوں کی مخصوص بیماریوں کے علاج کے لیے اپنا ذاتی شفاخانہ قائم کیا ہے جس کا پتہ یہ ہے:-

597 PARLIAMENT ST.,
SUITE # 204
TORONTO, ONT.
PHONE: 961-0926

MATCHLESS TRAVEL SERVICE

WORLDWIDE TRAVEL & TOURIST SERVICE

MOST ECONOMICAL FARE

کم سے کم کرایہ میں سفر کیجیے

[illegible] BLOOR STREET W.
TORONTO-ONT
534-1139

لالہ جی جان دیو!

بزرگوار م سدھیر سے ایک گذارش

فلم نیلو

وہ ایک ایسی دہرائی ہوئی کہانی ہے جسے لوگ نئے سرے سے پڑھیں گے

Eid Cards

AVAILABLE FROM

PEACOCK PRINTING & TYPESETTING

1400 GERRARD ST. EAST
TORONTO M4L 1Z4

466-5660

QUANTITY DISCOUNTS

... IMPRINTED FREE WITH $10 ...

Buy early for best selection & to insure delivery for Eid!

بابا! میں آپ کی امانت کی حفاظت نہیں کرسکا

(نا خلف کے قلم سے)

میں نے پہلی بار قائد اعظم زندہ باد کا نعرہ ۱۹۴۰ء میں لگایا تھا۔ پھر قائد اعظم زندہ باد کا نعرہ ۱۱ ستمبر ۱۹۴۸ء کو لگایا تھا جب کراچی کی الفنسٹن سٹریٹ سے آپ کا جنازہ گذر رہا تھا۔ اور میرے منہ سے بے ساختہ طور پر چیخ نکل گئی تھی۔ ۱۹۴۰ء کے نعرے نے مجھے نئی امید، نیا ولولہ بخشا تھا۔ ۱۹۴۸ء کے نعرے سے مجھے ایک طمانیت حاصل ہوئی تھی حالانکہ میں آپ کی موت کا صدمہ سہہ پانے کے قابل ہو گیا تھا — لیکن — لیکن بابا! آج مجھے قائد اعظم زندہ باد کا نعرہ لگاتے ہوئے شرم محسوس ہوتی ہے۔ ۱۹۴۰ء میں اور ۱۹۴۸ء میں میں مخلص تھا، مگر آج اپنے دل سے یہ سید مزید تھا کہ میں منافق ہوں۔ میں ناخلف ثابت ہوا۔ بابا! میں نے آپ سے جھوٹ بولا۔ میں اپنے عہد پر قائم نہیں رہ سکا، آج میں منہ سے نعرہ لگانے لگتا ہوں

خدایا!

میں اپنے چہرے سے

الحاد و ارتداد کی سیاہی

دھونا چاہتا ہوں

تو دل روکتا ہے، ضمیر ملامت کرنے لگتا ہے۔ بابا! میں ناخلف ہوں۔ میں آپ کی امانت کو سنبھال نہیں سکا۔ کسی مجبوری سے نہیں محض اپنی نااہلی کی وجہ سے میں آپ سے شرمندہ ہوں۔ سخت شرمندہ — بابا! میں آپ کی زندگی میں جھوٹ بولتا رہا۔ آپ کی موت کے بعد بھی جھوٹ بولتا رہا۔ میں ۱۱ ستمبر کو اور ۲۵ دسمبر کو آپ کی وفات اور پیدائش کے دن مناتا رہا۔ میں جگہ جگہ آپ کی تصویر میرے کمرے کی زینت بنی رہی۔ میں بچوں کو آپ کے کارنامے سناتا رہا۔ میں نے آپ کی یاد میں تقریبیں کرائیں۔ مذاکرہ کی مجلسیں جمائیں۔ آپ کو خوبصورت خراج عقیدت پیش کرنے کا اہتمام کیا۔ قوم کو آپ کے نام کے ترانے سنائے۔ آپ کی قبر پر ایک عظیم الشان مقبرہ بھی تعمیر کر دیا۔ مگر بابا! میں پھر بھی آپ کے سامنے نظریں نہیں اٹھا سکتا۔ میں مجرم ہوں۔ میں چور ہوں۔ میں دغا باز ہوں۔ میں سیاہ کار ہوں۔ میرا نامہ اعمال اتنا سیاہ ہو چکا ہے کہ آپ سے معافی مانگنے کی بھی جرأت نہیں ہوتی۔ میں نے آپ کے نام کو بٹہ لگایا — بابا! مجھے معاف کر دینا۔ میں نے جو گستاخی کر دی۔ آپ کے نام کو کس طرح بٹہ لگ سکتا ہے۔ آپ کے صاف ستھرے اور شفاف کردار میں کوئی میلی لکیر آپ کے کسی بد ترین دشمن کو بھی نظر نہیں آ سکتی۔ میں نے صرف اپنا چہرہ سیاہ کیا ہے میں آپ کا نافرمان بیٹا ثابت ہوا۔

بابا! میں آپ کی امانت کی حفاظت نہیں کر سکا۔ [illegible]

[illegible] کے احسانات نہیں جھوٹے، آپ کی زندگی میں بھی میں نے کئی موقعوں پر آپ کو پریشان کر دیا۔ آپ کی وفات کے بعد بھی میں نے آپ کی روح کو تکلیف پہنچانے کے سوا کچھ نہیں کیا۔ مجھ میں ایسا بد فطرت نہیں کہ کسی موقع پر میں نے آپ کے احسانات سے انکار کیا ہو۔ بلکہ میں اپنی نالائقی کے انتہائی قبیح مظاہرے کے دوران بھی آپ کی احسان مندی کے بوجھ کو اتار نہیں سکا۔ مجھے یہ جرم یاد رہا کہ زیارت میں جب کرنل الٰہی بخش نے آپ کا طبی معائنہ کر کے تشویش سے کہا تھا کہ آپ کے پھیپھڑے خراب ہیں اور آپ کو کافی آرام چاہیے۔ تو آپ نے انتہائی سکون سے کہا تھا: "یہ کیفیت تو کئی برس سے ہے مگر کنٹرول میں اس کا ذکر اس لیے نہیں کیا تھا کہ وہ مجھے آرام کا مشورہ دے گا اور وہ وقت آرام کا نہیں تھا۔" بابا! آپ نے اپنی صحت برباد کر لی مگر آرام نہ کیا، محض اس لیے کہ اپنی نااہل اولاد کو ایک گوشہ — گوشۂ عافیت مہیا کر سکیں۔ بابا! میں نے آپ کو قبل از وقت بوڑھا کر دیا۔ میں آپ کی موت کا ذمہ دار ہوں، میں آپ کا قاتل ہوں — اپنے محسن کا قاتل۔

آپ چل بسے تو میں رو دیا — بہت رویا۔ مگر میرے رونے سے میرا مشفق باپ مجھے واپس نہیں مل سکتا تھا — وہ مشفق باپ جو خود زندگی کے آخری لمحوں تک محض اس لیے بے چین رہا کہ میں چین سے رہ سکوں۔ میں نے اپنے دل کو سہارا دیا۔ دل سے عہد کیا کہ آپ جو گھر مجھے دے گئے ہیں، اس کی حفاظت کروں گا۔ آپ نے کہا تھا۔

"جب تک ہمارے دشمن ہمیں اٹھا کر بحیرۂ روم میں نہ پھینک دیں ہم ہار نہیں مانیں گے۔ پاکستان کی حفاظت کے لیے میں تنہا لڑوں گا۔ اس وقت تک لڑوں گا جب تک میرے ہاتھوں میں سکت اور میرے جسم میں خون کا ایک قطرہ موجود ہے۔" مجھے آپ سے کہنا ہے کہ کبھی ایسا وقت آ جائے کہ پاکستان کا [illegible] کے لیے [illegible] تو آپ کی صحبت میں ہتھیار ڈالے ہیں اور پہاڑوں، جنگلوں، میدانوں اور دریاؤں تک میں جنگ [illegible]

[illegible]

جاری رکھیں گے

[illegible]

جو پاکستان آپ مجھے

دے گئے تھے وہ آپکو

پورے کا پورا

دکھا دوں گا

[illegible]

نذرِ وطن

قت ملی کے تابندہ مقدر کا عروج
آفتاب عزم کی پہلی کرن سے پوچھیے
بڑھ گئی ہے قدر و قیمت دیس کی اپنے اگر
سرخیِ خونِ شہیدانِ وطن سے پوچھیے
خنجر و گرد گراں کی ضربت خارا شگاف
اہل دل، اہل شجاعت، اہل فن سے پوچھیے
ارضِ نو پہ جذبۂ تعمیر کی شادابیاں
گردش حالات یا چرخ کہن سے پوچھیے
لذتِ جام شہادت، غیرتِ شوقِ اجل
لاشۂ جانبازِ بے گور و کفن سے پوچھیے
اس طرح جاتا ہے عشق کیطرف جوش جنوں
عاشقان ملک کے [illegible] سے پوچھیے
کیسے گزری کس طرح گزری فراق یار میں
اے مرے گفتار کچھ دار و رسن سے پوچھیے

گفتار خیالی

اے قوم

زبان حال سے چودہ اگست کہتا ہے

عجب نہج پہ بہا آج وقت کا دھارا
تمہارے چاروں طرف ہے حریف صف آرا
پھر آج باد مخالف کا سامنا ہے تمہیں
پھر آج موج تلاطم نے تم کو للکارا
زبان حال سے چودہ اگست کہتا ہے

نہ تم بلوچ نہ سندھی، پٹھان، پنجابی
بس ایک ہونے میں ہے قوم کی ظفریابی
یہ نکتہ ذہن نشیں ہو تو اور چاہیے کیا
ہے مضمر اس میں تمہارے چمن کی شادابی
زبان حال سے چودہ اگست کہتا ہے

وطن یہ قائد اعظم کی اک امانت ہے
تمہارا کام اب اس ملک کی حفاظت ہے
ہے ہر مفاد سے بڑھ کر اہم مفاد وطن
یہی ہے فرض خدا کی یہی عبادت ہے
زبان حال سے چودہ اگست کہتا ہے

اکرام فطرت

میں چودہ اگست ہوں

خیبر سے بنگال کے

سنہرے دیپ تک

پرچم ہے پرچم میرا

استقبال کر رہے تھے

بریگیڈیئر محمد یعقوب شاحق

[illegible] کی اسیر ہو گئی تو میں تمہاری عیادت کے لئے آیا تاکہ تمہارے حوصلوں کو استقامت، تمہارے ارادوں کو صبر و ثبات اور تمہارے دلوں کو نور ایمان کی حرارت دے سکوں۔ میں اس سال بھی تمہاری بیمار پرسی کے لئے آیا ہوں لیکن اس دفعہ تمہاری کھلتی ہوئی پیشانیوں پر افسردگی [illegible]

[illegible]

۱۴ اگست
قومی دن یا یومِ محاسبہ؟

ابو سعید انور

۱۴ اگست کا دن اب ہر سال آتا ہے ... قومی دن کی حیثیت سے ... [illegible]

[illegible]

مولانا ابوالکلام آزاد نے جداگانہ نیابت کی حمایت کی

[illegible]

جب مسٹر گاندھی اور پنڈت نہرو کو لفظ مسلم سے گھبراہٹ ہونے لگی

[illegible]

پنڈت نہرو

[illegible]

چودہ اگست

ہر ذرہ آج بوئے گلستاں لئے ہوئے
ہر قطرہ موجِ کوثر خنداں لئے ہوئے
پتھر ہے آج خلد بداماں لئے ہوئے
بادہ بدست تو ہے سلیماں لئے ہوئے
مجنوں خیالِ سیر بیاباں لئے ہوئے
لیلیٰ ہے دل میں شوقِ فراواں لئے ہوئے
رانجھے کی دھن بہ عزم غزلخواں لئے ہوئے
پنوں بلوچ عیش کے ساماں لئے ہوئے
کتنا پیارا روز یہ چودہ اگست ہے
تبریز کا ملنگ بھی مستی میں مست ہے

کبیر انور جعفری

ہمیں نئے پاکستان کے مژدے سنائے گئے ہم نے پاکستان کو دیکھتے ہی دیکھتے بھی ان نگاروں نے بروقت اپنی پیٹ میں لیا ہوا ہے۔

[illegible]

۰۰

آج کا دن

آج کا دن کچھ خوشیاں اور کچھ آنسو لیکر آیا
پورب سے نکلا سورج کچھ گہنایا گہنایا

اس کا دن گہرا ہے پورب پچھم کا راہی
کچھ لوگوں نے اس دن کو تاریخ سے دھتکارا
کچھ لوگوں نے اپنے گھر میں آپ ہی آگ لگا دی
کچھ لوگوں نے سورج کے ماتھے پر ملی سیاہی
دو رنگوں میں پاکستان کا نام ڈبویا
کچھ لوگوں نے آپ اپنی آدھی جاگیر جلا دی

آج کا دن اس پاک وطن کا مژدہ لیکر آیا
اس دن اس تاریخ سے اپنا جنم مرن کا ناتا
اس دن کو تاریخ میں خونِ دل سے ہم نے لکھا
جس کی بدولت ہم نے ایک سہانا جیون پایا
ہم تاریخ سے مٹ جاتے گر آجکا دن نہ آتا
اس تاریخ کو تاریخ عالم کے دلدار قلم نے لکھا

تم کیا جانو تم کیا سمجھو کیسے یہ دن آیا
اس دن کی توقیر کسی تم اہلِ سفر سے پوچھو
اس دن اس تاریخ سفر میں ہم نے مصیبت جھیلی
کن حالات میں کس مشکل سے پاکستان بنایا
اس تاریخ کی اہمیت کو تم بے وطن سے پوچھو
دشمن نے ننھے بچوں تک کے خون سے ہولی کھیلی

کہتے ہیں جو لوگ کہ یہ دن خون کی برکھا لایا
ان کو تم کچھ دن جیتے کا ہندوستان دکھاؤ
ہندو سے کیا میل ہمارا اس سے کیا سنگم
قائداعظم نے تقسیم کا پرچم خود لہرایا
کالی کے مندر میں جیبِ مسلم کا بلیدان دکھاؤ
وہ بت پوجے ہم بت توڑیں وہ کافر ہم مسلم

بت خانے میں ہم کلمہ گو کیونکر رہتے بستے
مندر اور مسجد کی چاہے ملتی ہوں دیواریں
مسجد میں اللہ کا گھر، مندر میں بت کا ڈیرہ
ہم دو قومیں ہم دو ذاتیں، دو ہیں دو رستے
بانگ ہماری اور سنکھ، دونوں کی جدا پکاریں
ان کا ٹھاکر ہے مرلی والا، اپنا آقا کملی والا

قرآں کا فرمان الگ گیتا کا گیان الگ ہے
دوری ایک سی والے ایک، اس تیس اک کالا
کعبہ اور کالی کا مندر ایک نہیں ہو سکتا
ہندو دھرم کی ریت الگ اسلام کی شان الگ ہے
ماتھے پر محراب تو مسلم، تلک لگے تو لالہ
گنگا جل اور آبِ کوثر ایک نہیں ہو سکتا

... مشرق نے بھی جانا
جو کہتے ہیں پاکستان خاکر غلطی کی ہے
ڈوب گیا منزل کا ستارا غداروں کے ہاتھوں
... قائداعظم نے جو پایا
ان جیسے لوگوں نے ہمیشہ ہی غداری کی ہے
ہم سے کیا مشکل ہمارا غداروں کی باتوں
ہوش میں آؤ ملکوں کی تاریخ جلانے والو
مٹ جاؤ گے مرکز سے کٹ کٹ کر جانے والو

مشیر کاظمی



عورت اور وہم

پچھلے دنوں کرکٹ کے نائب کپتان جناب سعید احمد کی بیگم صاحبہ نے ٹیلیویژن کے ایک انٹرویو میں بڑی عجیب بات کہی انھوں نے کہا جب میرے شوہر میدان میں کھیل رہے ہوتے ہیں اور میں کرسی پر بیٹھی ہوئی ہوتی ہوں تو یقین کیجئے میں کرسی پر پہلو بدلتے ہوئے ڈرتی ہوں۔ مجھے ڈر رہتا ہے کہ میرے کرنے ہلنے سے سعید آؤٹ ہو جائیں گے۔

مسز سعید کی یہ بات سنتے ہی مجھے وہ خواتین یاد آ گئیں جو توہم پرستی کا شکار ہیں۔ بلی راستہ کاٹ گئی تو برا ہوا کیونکہ اب کوئی نہ کوئی حادثہ ضرور پیش آئے گا۔ گھر میں کتے کا بھونکنا تو نحوس ہوتا ہے۔ رنگ کے استعمال میں بھی خواتین توہم پرستی کا اظہار کرتی ہیں۔ یعنی فیروزی رنگ کی چوڑیاں نہ پہنیں۔ کالا رنگ کی شلوار استعمال نہ کریں سفید جوتا نہ پہنیں۔ رات کو بال نہ کھولیں مغرب کے بعد کھلے صحن میں نہ جائیں ورنہ جن بھوت پیچھے پڑ جائیں گے کوئی اتفاقیہ بیمار ہو جائے تو صاحب فلاں شخص کی نظر لگ گئی۔

پچھلے دنوں ایک واقعہ دیکھنے میں آیا۔ ایک خوبصورت سی تیس سالہ خاتون کو دورے پڑنے لگے۔ ہسٹیریا کے دورے تھے لیکن توہم پرستی نے ان کو جن بنا دیا کہ ہماری لڑکی پر جن آ گئے ہیں پھر تو تعویذ گنڈے کرنے والوں کے خوب پھیرے لگنے لگے اور بچی بیچاری گھلنے لگی۔ وہ تو خدا بھلا کرے ایک ڈاکٹر راستے میں ٹکرا گیا جس نے کہا اس خاتون کو ہسٹیریا کے دورے پڑتے ہیں آپ اس کی شادی کر دیں بڑی مشکل سے والدین شادی پر تیار ہوئے اور شادی کی خبر سنتے ہی لڑکی کے دورے دور ہو گئے۔

پچھلے دنوں ہمارے ملنے والوں نے اپنے بچے کو اپنی توہم پرستی کا شکار بنا دیا۔ ہوا یوں کہ بچہ معصوم سا تھا اس نے کوئی منہ میں ڈال لی جو اس کے حلق میں پھنس گئی بچہ چلانے لگا اس کی بری حالت ہو گئی گھر والے کہنے لگے کہ اس پر جن آ گیا ہے تعویذ گنڈوں کے چکر میں پھنس گئے اور اس عرصہ میں بچہ کا کام تمام ہو گیا۔

ایک گھر میں رواج ہے کہ منگنی کی رسم دھوم دھام سے نہیں ہوتی۔ اس کی وجہ بتائی گئی کہ دھوم دھام ان کو راس نہیں آتی۔ ہم سب نے اصرار کیا کہ اس دفعہ جن کی منگنی ہوگی اس میں خوب دھوم دھام کریں گے۔ ہماری دوست کی منگنی ہوئی اور سب نے خوب اودھم مچایا۔ منگنی خیر و خوبی سے ہو گئی۔ لیکن دو ماہ بعد پتہ چلا کہ لڑکا اچھے کردار کا نہیں ہے۔ منگنی ٹوٹ گئی۔ اس کی وجہ محض یہ تھی کہ ہر وقت وہ لوگ یہ کہتے تھے کہ اب خدا جانے کیا ہو۔ منگنی پر خوب اودھم مچا تھا ان کی ہر وقت کی فریاد رنگ لائی۔ حالانکہ منگنی سے قبل لڑکے کے بارے میں تحقیق کر لی جاتی تو یہ نوبت نہ آتی۔

یہاں تک تو ہم مان لیتے ہیں کہ یہ باتیں پرانے دنوں کی ہیں مگر ہم دیکھتے ہیں کہ ان دنوں ہماری خواتین اور بھی زیادہ توہم پرست ہوتی ہیں۔ اگر ایک عورت بلی کے راستہ کاٹنے کو کوئی اہمیت نہیں دیتی۔ لیکن دوسری طرف وہ "دعا" یا "بددعا" کی اہمیت کا شکار ہے۔ خواتین ان دنوں اس چکر میں بہت پڑ گئی ہیں کہ فلاں فلاں شخص نے یا فلاں فقیر نے بددعا دی تھی اب خدا رحم کرے۔ بعض خواتین تو محض اسی ڈر سے فقیروں کو پیسے دیتی ہیں کہ کہیں یہ ہمارے حق میں بددعا نہ کر دیں۔ یہ بھی توہم پرستی ہی کی ایک شکل ہے۔

پچھلے دنوں ہماری خالہ کے یہاں بیٹا ہوا۔ فقیر مانگنے آئے نوکروں نے انھیں بھگا دیا۔ اور وہ فقیر بددعا دیکر چلے گئے اتفاق کی بات ہے خالہ کا بیٹا شدید بیمار ہو کر صرف ایک ماہ کی مدت میں چل بسا۔ اب خالہ کے دل میں یہ بات بیٹھ گئی کہ فقیر نے بددعا دی تھی جس کے نتیجے میں مجھے یہ دن دیکھنا پڑا اب وہ ہر مانگنے والے کو پیسہ دیکر اس کی حوصلہ افزائی کرتی ہیں۔ نہ صرف ہماری خالہ جان اس توہم پرستی کا شکار ہیں بلکہ بہت سی خواتین اس مرض میں مبتلا ہیں۔

عام طور پر خواتین کو یہ کہتے سنا ہے "نحوست" کے چکر میں ہم کی ملکہ بھی پھنسی ہوئی ہیں۔ جیلیم کے لوگوں کا کہنا ہے کہ سولہ سال کے بعد بھی بیٹی کی ملاقات ختم نہیں ہوئی۔ واقعہ کچھ اس طرح کا ہے کہ شہزادہ لیوپولڈ اور برطانیہ کے بادشاہ جارج ششم کی بیٹی شہزادی شارلٹ ایک گھوڑا گاڑی پر باہر جا رہے تھے اچانک گاڑی کی دونوں نے چونک کر باہر دیکھا تو ایک خانہ بدوش عورت سڑک کے کنارے کھڑی تھی اور کوچوان اس کو ڈنڈوں سے ڈرا رہا تھا وہ عورت شہزادی کے قریب آئی اور بولی حضور میں غریب ہوں مجھے چاندی کا ایک سکہ بخش دیں۔ اتنا سنتے ہی کوچوان نے بڑھیا کو چابک مار اور دھکا دے کر سڑک کے ایک طرف کر دیا جب گاڑی چلنے لگی تو بڑھیا نے غصے سے چلا کر کہا تم نے میرے ساتھ جو سلوک کیا ہے اس کی سزا ضرور ملے گی تمہاری کئی نسلیں دکھ میں مبتلا رہیں گی تمہارے شاہی خاندان پر عذاب نازل ہوگا۔

شہزادے اور شہزادی پر اس بات کا کوئی اثر نہیں ہوا انھوں نے سمجھا کہ ایسی عورتوں کی بددعاؤں کا اثر نہیں ہوتا لیکن بڑھیا کی بددعا نے اپنا اثر دکھایا اور کئی نسلوں تک بے شمار طرح کے حادثات پیش آتے رہے۔

شہزادی شارلٹ کے بیٹا ہوا لیکن وہ مردہ تھا پھر شہزادی کی موت کا شہزادے پر بہت اثر ہوا۔ کچھ عرصہ کے بعد اصرار پر اس نے دوسری شادی کر لی لیکن جلد ہی وہ خود بھی مر گیا ملکہ بیلجیم شاہی تخت نشین ہوا لیکن بعد [illegible] اس سے بڑی ہی پریشانی رہی۔ لیوپولڈ کی بہن کا خاوند ہرزیگ سے بھاگ گیا لیوپولڈ کی بہن پاگل ہو گئی۔ لیوپولڈ کی بیٹی شادی کے دو برس بعد ہی بیوہ ہو گئی دوسری بیٹی نے کچھ عرصے بعد خاوند سے طلاق لے لی تیسری بیٹی کلیمنٹائن نے جس نوجوان سے محبت کی تھی شادی کرنا چاہی بجائے اس کے نپولین بوناپارٹ کے خاندان کے ایک فرد نپولین سے شادی ہوئی۔

۱۹۰۹ء میں لیوپولڈ ثانی کا انتقال ہو گیا اور اس کا جانشین فلپ دو برس تک حکمران رہا۔ لیکن اس عرصہ میں کوئی ناخوشگوار حادثہ پیش نہ آیا جس سے عوام سمجھنے لگے کہ نحوس کا اثر زائل ہو گیا ہے لیکن "نحوست" کی طاقت ابھی باقی تھی ۱۹۳۴ء میں شاہ البرٹ پہاڑی سے گر کر ہلاک ہو گیا ایک سال بعد اس کا بیٹا موٹر کار کے حادثے میں زخمی ہو گیا اور اس کی بیوی مر گئی۔

۱۹۴۰ء میں نازیوں نے بیلجیم پر قبضہ کر لیا لوگوں کی خواہش پر موجودہ حکمران بودواں تخت نشین ہوا دس سال بعد اس نے ملکہ فیبولا سے شادی کر لی ہے جس کی شہرت کا سلسلہ ابھی جاری ہے ان کی آج تک اولاد نہیں ہوئی لیکن ملکہ مایوس نہیں ہوئی وہ کہتی ہے کہ میں اس بات کو غلط ثابت کر دوں گی کہ ایک عورت کی بددعا کی وجہ سے شاہی خاندان پر عذاب نازل ہوا ہے اس کا خیال ہے کہ اللہ کی مرضی اور مصلحت سے ہماری زندگی میں حادثات رونما ہوتے ہیں وہ کہتی ہے کہ میرے اولاد ضرور ہوگی شاید وہ ۲۰۰ سال پرانا وہم ختم کر دے۔

ملکہ فیبولا جس طرح عورت کی بددعا کے سلسلے میں پریشان ہے اس سے احساس ہوتا ہے کہ وہ ان توہمات کو نہیں مانتی اور حقیقت بھی یہ ہے کہ اگر کسی پر کوئی عذاب نازل ہو تو اس کو بددعا کا اثر کیوں کہا جائے۔ قسمت کے لکھے کو کیوں نہ تسلیم کیا جائے۔ کیونکہ جو کچھ بھی ہوا قسمت میں تھا۔ جو ہونی تھی ہو کر رہتی ہے۔

ان توہمات پر ہماری خواتین قابو پا سکتی ہیں خود اعتمادی اور شعور کی مدد سے اس حقیقت کو ماننا ہوگا کہ جو کچھ مقدر میں ہوتا ہے وہ تقدیر کے ساتھ پیش آ جاتا ہے تدبیر اور تدبیر کرنے والے ٹوٹکے کرنے والے مشکلات ختم نہیں کر سکتے۔ بلی کا راستہ کاٹ جانے سے نحوست پیدا نہیں ہوتی بالوں میں تیل ڈالنے اور کلیوں کی خوشبو لگانے سے جن کا سایہ نہیں ہوتا۔ یہ محض وحشتیں ہیں جو خواتین کے ذہنی سکون کو برباد کر رہی ہیں۔ ان توہمات کے نتیجے میں کوئی حادثہ ہو جائے تو عورتیں کی داستان بن جاتی ہے۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ اپنا خیال رکھیں۔ کام میں مصروف رہیں اور خدا کی مرضی سے حادثات ہوتے ہیں۔ خواتین کو ان توہمات کو دل سے نکال دینا چاہیے اور یہ سوچنا چاہیے کہ وہم بڑی بلا ہے جس کا علاج حکیم لقمان کے پاس بھی نہیں تھا تو شاید خواتین کسی تعمیری مسئلے کی جانب اپنی سوچوں کا رخ موڑ سکیں۔ ●●

غزل

شہرت بخاری

یہ آسمانوں، زمینوں کی رونقیں نہ رہیں
مجھے جلایا ہے خود بھی جلیں، مٹیں نہ رہیں
ترے بغیر یہ عالم ہے روز و شب کا مرے
کہ دل تو زندہ ہے اور دھڑکنیں نہ رہیں
سوائے اس کے کہ پتھر ہے وہ بھی ناکارہ
وہ دل کہ جس کے لئے غم کی راحتیں نہ رہیں
سحر کی آس میں جینا ہی اصل جینا ہے
خدا وہ دن نہ دکھائے کہ ظلمتیں نہ رہیں
یہ مفلسی نہ کسی کو نصیب ہو یا رب
کہ بیتے لمحوں کی یادوں کی دولتیں نہ رہیں
وہ شہر رہنے کے قابل نہیں جہنم ہے
کہ جس میں دل زدہ لوگوں کی خوشتیں نہ رہیں
یہ چہرے چاند سے جی بھر کے دیکھ لو شہرت
پھر اس کے بعد آنکھیں رہیں نہ رہیں

خوانِ نعمت

انڈوں کے کباب

اشیاء: قیمہ ایک سیر۔ انڈے دس عدد۔ گھی ڈیڑھ پاؤ۔ ادرک، دو تولہ، لونگ دو عدد، ہری مرچ آدھ چھٹانک، پیاز [illegible]، زیرہ [illegible]، سیاہ مرچ تھوڑا سا، نمک حسب ذائقہ۔

ترکیب: پہلے قیمہ کو خوب باریک پیس لیں۔ پھر تمام مصالحوں کو پیس کر یکجا کر لیں۔ انڈے ابال کر چھلکے اتار لیں اور سالم رہنے دیں۔ تمام مصالحہ قیمہ میں ملا کر انڈوں کے گرد خوب اچھی طرح لپیٹ کر چاروں طرف دھاگہ باندھ دیں تاکہ فرائی کرتے وقت الگ نہ ہو جائے پھر گرم گرم گھی میں تل لیں اور دھاگہ اتار دیں۔ ٹکڑے کر کے مہمانوں کو پیش کریں۔

مزیدار بسکٹ

اشیاء: میدہ تین پیالے۔ چینی ایک پیالہ۔ انڈے تین عدد گھی ایک پیالہ۔ بیکنگ پاؤڈر دو چھوٹے چمچے۔ ایسنس چند قطرے

ترکیب:- انڈے اچھی طرح پھینٹ لیں پھر اس میں گھی اور چینی ملا کر خوب پھینٹیں جب یہ چیزیں مل جائیں تو اس میں میدہ اور بیکنگ پاؤڈر ملا کر اچھی طرح گوندھیے۔ اور ساتھ ہی ایسنس بھی شامل کر لیں پھر ایک بڑی سی روٹی بنا کر کسی شیشے کے ڈھکنے سے بسکٹ کاٹ لیں اور اس کے بعد کانٹے سے بسکٹ پر حسب پسند ڈیزائن بنا لیں۔ اب ان سب کو اون پر ایک ایک انچ کے فاصلے پر رکھ کر ۳۵۰ ڈگری پر پندرہ منٹ تک بیک کریں۔ لیجئے مزیدار بسکٹ تیار ہیں۔

Haris Enterprises

مندرجہ ذیل چار پاکستانی فلموں کے قانونی حقوق برائے شمالی امریکہ بشمول ویسٹ انڈیز ہم نے حاصل کرنے ہیں۔ امریکہ، کینیڈا اور ویسٹ انڈیز کے مختلف شہروں میں ان فلموں کی نمائش کیلئے خواہشمند حضرات رجوع فرمائیں۔

① آرزو
ستارے: محمد علی، زیبا، معنہ، اسلم پرویز، نرالا لش

② لاکھوں میں ایک
ستارے: شمیم آرا، اعجاز، طالش، ساقی

③ ناگ منی
ستارے: رانی، وحید مراد، [illegible] سنگیتا، قوی، ساقی اور طالش

④ [illegible]
[illegible]

[illegible] DIRECTED BY [illegible]

HARIS ENTERPRISES
[illegible] N. MOZAFFAR REALT[illegible]
[illegible] BAYVIEW AVE., SUITE [illegible]
WILLOWDALE, ONTARIO M2K 1E6
PHONE: (416)226-5454 OR 42[illegible] 29

صبیح الدین منصور فخریہ پیش کرتے ہیں!

ایک گھریلو ڈرامہ، ہمارے سماج اور معاشرے کی ایک کہانی
دیکھیے
میں بنی دلہن (رنگین [illegible])
ستارے: شمیم، شاہد، معنو، سعید، ساقی اور طالش

SATURDAY, AUGUST 23, AT 6.00 & 9.00 PM
SUNDAY, AUGUST 24, AT 3.00 & 6.00 PM

AT RELAX CINEMA
344 COLLEGE STREET
([illegible] BLOCKS WEST OF SPADINA AVE.)

FOR INFORMATION CALL: 922 0222 OR 279 11[illegible]

بیگم سادات ذکی یمانی اور کئی ممتاز عرب لیڈروں کے قتل کی سازش کا انکشاف

PROVINCE OF ONTARIO

Royal Commission on Violence in the Communications Industry

صنعتِ مواصلات میں جبر و تشدد پر شاہی کمیشن

بذریعہ حکم پر کونسل نمبر ۷۵/۱۲۶۱ مورخہ ۲ مئی ۱۹۷۵ء ایک شاہی کمیشن صنعتِ مواصلات میں جبر و تشدد اور اس صنعت کے لیے ... تیلیفون نمبر ۲۵۹۳-۹۶۵(۴۱۶) ہے۔

The Royal Commission on violence in the communications industry
Room 810, 151 Bloor Street West, Toronto M5S 2V5

شاہی کمیشن کے حدود و اختیارات یہ ہیں:

۱۔ سوسائٹی پر ان اثرات کا مطالعہ جو بڑھتی ہوئی نمائش جبر و تشدد بہ صنعتِ مواصلات میں نمایاں ہوں۔

۲۔ یہ متعین کرنا کہ آیا موجودہ صورتِ حال سوسائٹی میں جبر و تشدد کے جرائم کا براہِ راست نتیجہ ہے یا ان سے کسی اور قسم کا ربط یا تعلق رکھتی ہے؟

۳۔ کھلی سماعت کرنا تاکہ جماعتوں اور تنظیموں یا فرداً فرداً شہریوں یا صنعتی نمائندوں کو اپنی معلومات اور نقطۂ نظر بیان کرنے کا موقع ملے۔

۴۔ ایسی مناسب سفارشات پیش کرنا جن پر ضرورت ہو تو خود حکومت انتاریو یا دیگر سطحات حکومت یا عوام یا صنعت کی جانب سے کسی قسم کے اقدامات کیے جا سکیں۔

شاہی کمیشن متعلقہ اشخاص یا جماعتوں یا تنظیموں کو اس مسئلے پر تحریری یادداشتیں بھیجنے کے لیے مدعو کرتا ہے۔

۱۔ جملہ تحریری درخواستیں، انگریزی یا فرانسیسی میں ہر کھلی سماعت سے کم از کم تین ہفتے قبل بھیجی جائیں۔ مگر کسی حالت میں ۱۵ مئی ۱۹۷۶ء کے بعد نہ بھیجی جائیں۔

۲۔ جو اشخاص ذاتی طور پر شاہی کمیشن کے روبرو اپنی زبانی یادداشت پیش کرنے کے لیے حاضر ہونا چاہتے ہوں ان کو اس کھلی سماعت سے تین ہفتے قبل اس سلسلے میں ایک تحریری خلاصہ بھیجنا ہوگا جس سماعت پر وہ حاضر ہونا چاہتے ہوں۔

سماعتیں ۱۹۷۵ء کے موسم خزاں سے ۱۹۷۶ء کے موسم بہار تک ہوتی رہیں گی۔ صحیح تاریخوں اور مقام سماعت کا اعلان اس اخبار کی بعد کی اشاعت میں کیا جائے گا۔ ۱۵ اگست سے جو شخص مسئلہ مذکورہ پر شاہی کمیشن سے رابطہ قائم کرنا چاہتا ہو وہ شاہی کمیشن کے بلا معاوضہ ٹیلیفون سے کر سکتا ہے۔ جو یہ ہے: 1-800-261-7091

تمام درخواستیں اس پتے پر بھیجی جائیں:-

The Royal Commission on Violence in the Communications Industry,
151 Bloor Street W., Room 810, Toronto, Ontario, M5S 2V5

حضرت مآب جوڈی لامرش - پی سی، کیو سی، ایل ایل ڈی - چیرمین

حضرت مآب جج لوسین آرتھر بیولو - ممبر | اسکاٹ الیگزینڈر ینگ - ممبر

The Hon. Judy LaMarsh, P.C., Q.C., LL.D., Chairman

His Honour Judge Lucien Arthur Beaulieu, Member | Scott Alexander Young, Member

افغان حکمران عوامی تحریک کو فوجی قوت سے کچل رہے ہیں

پنج شیر میں مسلمانوں کے قتلِ عام پر قبائلی رہنماؤں کا شدید احتجاج

اندرا گاندھی آزادی کا قتل کر کے اپنے مفاد کا تحفظ کر رہی ہیں

گرفتاری سے چند گھنٹے قبل مرارجی ڈیسائی کا انٹرویو

مشرقی پاکستان میں پاک فوج کے جوانوں کو قتل کرنے والے دس لیڈروں کو رہا کر دیا گیا

پی آئی اے آرٹس اکیڈمی کو بند کرنے کا فیصلہ ضیا محی الدین کو برطرفی کا نوٹس دیدیا گیا

کراچی اور لاہور کے درمیان ڈی سی ٹین طیاروں کی سروس چلائی جائے گی

پی آئی اے کو اس سال پانچ کروڑ روپے کے قریب منافع ہوگا: نور خان

فلپائن میں تیرہ مسلمان حریت پسند شہید کر دیئے گئے

[illegible] میں عظیم الشان [illegible]

مغربی جرمنی کے خلاف میچ ہارنے کی وجہ امپائروں کا جانبدارانہ رویہ ہے

پاکستانی ٹیم اولمپک مقابلوں میں یقیناً میدان جیت لے گی

حضرت علیؓ کی ذات تمام مسلمانوں کیلئے مرکزِ محبت اور نقطۂ اتحاد ہے

تمام مسلمان فرقہ وارانہ ہم آہنگی قائم رکھیں، جشنِ ولادت سعید پر وزیر اعلیٰ پنجاب کا پیغام

ہم اپنے کرم فرماؤں کو

۱۴ اگست ۱۹۷۵

۲۹ ویں یوم آزادی کے موقع پر

مبارکباد پیش کرتے ہیں

مالک دکان
محمد ایوب قریشی
مقامی ذبیحہ خانے میں دنبہ حلال کرتے ہوئے

ٹورانٹو اور مضافات میں حلال گوشت کی پہلی دکان جہاں

پچھلے چار سال سے اپنے ہم وطنوں کو تازہ حلال گوشت اور دیگر مصالحہ جات بازار سے نسبتاً کم داموں پر مہیا کیے جا رہے ہیں۔

خصوصی اعلان:

ہم اسلامی طریقے اور احکام کے مطابق جانور ذبح کرتے ہیں۔

مزید تشفی کے لیے آپ ہم سے بالمشافہ یا ٹیلی فون پر استفسار کر سکتے ہیں۔

تازہ حلال گوشت — تازہ حلال مرغیاں

AFRO-ASIAN STORE AT 918 PAPE AVE. SUBWAY PAPE.

FIRST HALAL MEAT SHOP IN TORONTO.

Afro Asian

918 PAPE AVE, TORONTO.
call at 463-1287.

بنگلہ دیش نے ابھی تک اپنا منفی رویہ تبدیل نہیں کیا : بھٹو

میں اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے صوبے کا نظم و نسق چلانے کی کوشش کروں گا

بہاولپور متحدہ محاذ کے علاقائی ایجی ٹیشن کا مجھے کچھ علم نہیں : گورنر عباسی

نئے گورنر سردار عباسی حلف نامہ پر دستخط کر رہے ہیں

سونے اور تانبے کی کان دریافت ہوئی ہے
کان کی کھدائی کا کام شروع کر دیا گیا

Garbage is coming up roses.

آئندہ پندرہ برسوں میں صوبے میں ہر جگہ RECYCLING سنٹرز ہوں گے جو بے کار موٹروں سے لے کر کاغذ تک اشیاء کے نوے فیصدی کوڑے کرکٹ پر کام کریں گے۔

کچرے کو RECYCLE کیوں کریں؟

اس لیئے کہ انٹاریو کے لوگ ــ یعنی ہم سب آبادی کے اضافے کی شرح کا تین گنا کوڑا کرکٹ نکالتے ہیں۔

کچرے کی اس مقدار کو کم کرنے کے طریقوں کا وزارت جائزہ لے رہی ہے لیکن کچرا تو ہمیشہ ہمارے پاس ہوگا۔ اور ہمیں اسے پھینکنے کے لیئے جگہ اور ڈھانکنے کے لیئے مٹی ڈھونڈنے میں دشواری ہو رہی ہے۔

ایک بار کچرا RECYCLE ہونا شروع ہو جائے تو تمام مسائل ختم ہو جائیں گے۔ لیکن کچرا پھینکنے کے مسائل سے زیادہ اہم بات یہ ہے کہ ہم حقیقت میں ہر ایک ٹن کچرے کے ساتھ کارآمد اشیاء حاصل کرنے کے ذرائع بھی پھینک رہے ہیں۔

ایک لاکھ افراد پر مشتمل شہر میں کچرے کو RECYCLE کرنے سے سالانہ تقریباً ۳,۵۰,۰۰۰ گیلن فیول آئل، ۳,۶۰۰ ٹن لوہا، اور ۴,۵۰۰ ٹن شیشے کے برابر بچت ہو سکے گی۔

ہمارا RECYCLING پروگرام دنیا کے بہت زیادہ ترقی یافتہ پروگراموں میں سے ایک ہے۔

یہ پروگرام ہمیں ایک مختلف طرز زندگی کا پابند کرتا ہے۔

اور پھر انٹاریو کے کوڑے کرکٹ سے نکلتے ہوئے گلاب ساری دنیا دیکھ رہی ہوگی۔

آج سے بیس برس بعد RECYCLED کوڑے کرکٹ پر اگنے والی فصلیں ایک روزمرہ کا نظارہ ہوں گی۔

لیکن اب اس وقت اس کا تصور کرنا بہت دشوار ہے کیونکہ ہم میں سے اکثر کوڑا کرکٹ کو بس کوڑا کرکٹ ہی سمجھتے ہیں۔ لیکن حقیقت میں یہ ایک توانائی رکھنے والا ذریعہ ہے۔

اور انٹاریو کی وزارت گرد و پیش اس کو اپنے قابو میں کر رہی ہے۔

یہ کیسے ہوتا ہے؟

RECYCLING کے ذریعے۔ کوڑا کرکٹ RECYCLING مراکز پہ لے جایا جائے گا۔ جہاں اسے ریزہ ریزہ کر کے علیحدہ کیا جائے گا اور اس کا کچھ حصہ زرخیز مٹی میں بدل جائے گا جو صوبے کے بنجر علاقوں کو دوبارہ توانا بنائے گا۔

کچرے کو ریزہ ریزہ کر کے علیحدہ کرنے کا یہی عمل ایندھن، کاغذ اور دھاتیں بھی پیدا کرے گا۔



The system: step by step.

اور ہم نے ابھی ابھی کوڑا کرکٹ کے ہر ممکن استعمال کی چھان بین شروع کی ہے۔

بڑے پیمانے پر چھان بین کرنے کا ایک مرکز اور کئی امکانات کے ساتھ سامنے آئے گا۔

یہ کہاں ہو رہا ہے؟

ہماری وزارت نے پہلے ہی سے ٹورنٹو میں انٹاریو کے پہلے RECYCLING سنٹر کا افتتاح کر دیا ہے۔ آئندہ دو برسوں میں اسی قسم کے مراکز ... انٹاریو میں تعمیر کیے جائیں گے۔

Ministry of the Environment
Ontario
Hon. William Newman, Minister
Everett Biggs, Deputy Minister

Eid Cards

عید کارڈ

رنگین اور بہترین طباعت شدہ
عید کارڈ حاصل کرنے کے لیے
ہماری خدمات حاصل کیجئے
دکانداروں اور مختلف انجمنوں کے لیے
خاص رعایت
[illegible]



Kazal Printers

144 Henderson Ave. Unit 11 Thornhill, Ontario L3T 2L5
Tel. (416) 881-2278

HARIS ENTERPRISES PRESENTS

آرزو

ستارے: [illegible]

SATURDAY, AUG. 23, AT 3.00, 6.00 & 9.00 PM
SUNDAY, AUG. 24, ONE SHOW AT 1.00 PM

لاکھوں میں ایک

ستارے: [illegible]

SATURDAY, AUG. 30, AT 3.00, 6.00 & 9.00 PM
SUNDAY, AUG. 31, ONE SHOW AT 1.00 PM

AT RADIO CITY THEATRE NO.2
1296 WESTON RD.,(3 BLOCKS NORTH OF EGLINTON AVE.)
FOR INFORMATION CALL: 424-2925



وطن عزیز جاتے ہوئے اپنے عزیزوں، رشتہ داروں
کے لیے تحفہ لے جانا ایک مشرقی رسم ہے۔ ایک اچھا تحفہ
اعلیٰ ذوق اور دانشمندی کی دلیل ہے۔
[illegible]
خوابوں کی تعبیر۔ خواہشوں کی تکمیل کا مرکز

AAlice International
Unique Trade & Commerce
P. O. BOX 368 STATION 'J'
TORONTO M4J 4Y8
ONTARIO—CANADA
Phone:(416)459-0820

LARGEST WHOLESALE SUPPLIER OF

AFRICAN, ASIAN FOODS, SPICES, INCENCE, SOAP, KITCHEN-USE HARDWARE & HUNDREDS OF OTHER ITEMS.

SUPPLYING TO RETAIL STORES THROUGHOUT USA & CANADA

UGANDA GROCERS

86 MACK AVE., UNIT NO. 2, SCARBOROUGH, ONT.
PHONE: 698-6464

تربیلا ڈیم نے باقاعدہ کام شروع کر دیا، بند کا سپل وے کھول دیا گیا

سات فولادی گیٹ کھلنے کے بعد تیس ہزار کیوسک پانی خارج ہو رہا ہے

امسال فصل ربیع کے لیے بند سے پانی مل سکے گا: چیئرمین واپڈا

[illegible]

مشترکہ مفادات کی کونسل کا اجلاس

وفاقی وزرا، گورنروں اور وزرائے اعلیٰ نے شرکت کی

[illegible]

ہائیکورٹ نے مولانا عبدالستار نیازی کی گرفتاری غیر قانونی قرار دے دی

تین اور مقدمات میں ضمانت قبل از گرفتاری بھی منظور کر لی گئی

مولانا کی فوری رہائی کا حکم جاری کر دیا گیا

[illegible]

جو شخص اسلام کا وفادار نہیں وہ پاکستان کا بھی وفادار نہیں ہو سکتا

لوگوں میں قومی مفاد پر ذاتی مفاد کو ترجیح دینے کا رجحان بڑھ رہا ہے

تمام برائیوں کے باوجود عوام اکھنڈ بھارت کے تصور کو کبھی قبول نہیں کریں گے، مولانا مودودی

[illegible]

یورپی اقتصادی برادری نے بھارت کو مراعات دینے سے انکار کر دیا

[illegible]

SYED M. HUSAIN

For a better deal on COMPACT, INTERMEDIATE OR FULL SIZE NEW AND USED CARS, Parkwood Central is the place. And the man to see is Syed M. Husain.

Also ask Syed M. Husain about Parkwood Central's LEASE & CREDIT PURCHASE PLANS.

As low as 10% down. Top trade-in values for used cars

PARKWOOD CENTRAL
CHEVROLET OLDS CADILLAC
2400 Yonge St. just above Eglinton
TELEPHONE 481-5111

کریسنٹ
ٹورنٹو

اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ

زکوٰۃ
انسانوں کے درمیان باہمی ہمدردی اور امداد و اعانت کا عظیم ذریعہ

ربٰو
اخلاقی، معاشی اور تمدّنی تنزّل و پستی کا مرکزی ستون

اللہ سود کو گھٹاتا اور زکوٰۃ کو بڑھاتا ہے

— سلیم تابانی —

نظریاتی کونسل نے زکوٰۃ کا **اسلامی** نظام رائج کرنے اور ربٰو اور سود کو ختم کرنے کے سلسلہ میں نہایت اہم سفارشات کرکے نہ صرف مسلمانانِ پاکستان کی ایک دیرینہ خواہش کی تکمیل کی راہ تجویز کی ہے بلکہ خود پاکستان کے مقصد قیام کو پورا کرنے اور اس کی نظریاتی اساس کو مضبوط و مستحکم کرنے کا فرض بھی انجام دیا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ اس وقت پاکستان میں جو ذہنی انتشار اور فکری کشمکش پھیلی ہوئی ہے اور جس نے ملک کی ترقی و خوشحالی کے راستوں کو ایک حد تک مسدود کر رکھا ہے اس کی سب سے بڑی وجہ وہ سرمایہ دارانہ نظامِ معیشت ہے جس نے سیاسی قوت اور اقتصادی طاقت میں ارتکاز پیدا کرکے عوام کے لیے حصولِ عدل کے تمام راستے بند کر رکھے ہیں ...

نظامِ زکوٰۃ
حضور کے عہد سے لیکر دورِ عباسیہ کے آخر تک اجتماعی صورت میں بلا انتشار قائم رہا

۱۴ اگست — محض اک رسم؟

۱۴ اگست ۱۹۴۷ء ہماری آزادی کی انٹھائیسویں سالگرہ ہے۔ یہ ہمارا قومی دن ہے۔ اور ... زندہ رہنے والی قوموں کا یہ شیوہ ہوتا ہے کہ وہ اپنے قومی دن پر اپنے قومی کردار اور عمل کا جائزہ لیتی ہیں اور اپنے ماضی کے تجربات کی روشنی میں اپنے تابناک مستقبل کی منصوبہ بندی کرتی ہیں۔

اس اعتبار سے جب ہم اپنی قومی زندگی پر نظر ڈالتے ہیں تو یہ جان کر بڑی تکلیف ہوتی ہے کہ ہم پورے اٹھائیس سال تک بڑے احترام اور خضوع و خشوع کے ساتھ آزادی کی سالگرہ منانے کی رسم تو ادا کرتے رہے ہیں لیکن اپنے ماضی کی غلطیوں، حماقتوں اور کوتاہیوں سے کوئی سبق حاصل کرنے کی بجائے ہم مزید غلطیوں اور حماقتوں کا ارتکاب کرتے چلے جاتے ہیں۔ اس کا نتیجہ یہ ہے کہ ہر آنے والا ۱۴ اگست پچھلے ۱۴ اگست کے مقابلے میں کچھ زیادہ قابلِ فخر اور باعثِ اطمینان نہیں ثابت ہوا۔ بلکہ گذشتہ اٹھائیس برسوں سے ہم ایک تدریجی انحطاط اور زوال کا شکار ہو رہے ہیں۔

ہمارے زوال کی تاریخ کا سیاہ ترین دن وہ تھا جب مشرقی پاکستان اپنوں کی غداری، غیروں کی سازش اور ہمسایہ سامراج کی جارحیت کا نشانہ بنا اور بھارت کی سیکولر کالونی کی حیثیت اختیار کر گیا۔ لیکن سب سے زیادہ اذیت ناک امر یہ ہے کہ ہم نے وطنِ عزیز کے دو ٹکڑے ہو جانے سے بھی کوئی سبق حاصل نہیں کیا بلکہ اپنی حماقتوں کے جواز تلاش کر رہے ہیں اور مزید حماقتوں کے باعث رہے سہے پاکستان کا بھی وجود خطرے میں ڈالے ہوئے ہیں۔

آج آزادی کی انٹھائیسویں سالگرہ کی ہمیں محض رسم ادا نہیں کرنا چاہیے بلکہ یہ بھی سوچنا چاہیے کہ یہ دن کتنی اہمیت کا حامل ہے، کتنی طویل اور کٹھن جدوجہد کے بعد یہ دن نصیب ہوا۔ اور اپنی آزادی کی ذمہ داریاں ہم نے کس حد تک خوش اسلوبی سے پوری کیں؟ ہماری اجتماعی اور انفرادی کوششوں کا رُخ کس طرف رہا؟ کیا ہم واقعی ایک آزاد قوم کی حیثیت سے باوقار رہنے کے قابل ہیں؟ ... پاکستان ... زندہ باد۔

اسلام نہیں چاہتا کہ مال و دولت صرف دولت مندوں کے گروہ ہی میں محصور ہو کر رہ جائے

شمالی امریکہ میں اُردو کا سب سے پہلا اخبار

جلد نمبر ۴ - شمارہ نمبر ۱۱ | پندرہ روزہ **کرسینٹ** ٹورانٹو کینیڈا | ۱۴ اگست ۱۹۷۵ء مطابق ۷ شعبان ۱۳۹۵ھ

یوم استقلال نمبر

ملک میں عام انتخابات ڈیڑھ برس کے بعد منصفانہ اور آزادانہ کرائے جائیں گے: بھٹو

جمہوری اداروں کے فروغ اور استحکام کی پوری کوشش کی جائے گی

کوئی قانونی حکومت بے بنیاد مخالفانہ بیانات کی اجازت نہیں دے سکتی

حالیہ تبدیلیوں کے بعد پنجاب میں سیاسی استحکام ہوگا

دریا معمول کے مطابق بہہ رہے ہیں

آج کے دن

آج وہ دن ہے کہ اپنے قائد اعظم کے ساتھ — منزل مقصود پر ملت نے رکھے تھے قدم
گونج اٹھا نعرۂ تکبیر مشرق و مغرب سے — چھا گیا تھا، آسماں پر چاند تارے کا علم

آج کے دن ڈوب کے نکلے تھے ہم سیلاب سے — اور آزادی کے ساحل پر کھڑے تھے کامیاب
آج کے دن مرد مومن مطلع الانوار تھا — اس نے پیدا کر لیا تھا ظلمتوں سے آفتاب

آج کے دن مل گئی تھی وہ امانت پھر ہمیں — جنت گم گشتہ یعنی سلطنت اسلام کی
اس امانت کی حفاظت کیلئے پیش خدا — پھر قسم کھائی تھی ہم نے مصطفےٰ کے نام کی

آج کے دن عام آزادی کے نعرے تھے بلند — اس میں شامل تھے پرانے بھی نئے حکام بھی
آج کے دن ذریت فرعون کی شرمندہ تھی — سینہ تانے بڑھ رہا تھا اب گروہ عام بھی

آج کے دن ہم بھلا بیٹھے تھے وہ دور جفا — اور سمجھے تھے، ہوا رخصت وہ افرنگی کے ساتھ
یہ توقع تھی جنھیں بخشا گیا ہے اقتدار — کاٹ لیں گے چند دن وہ بھی ذرا تنگی کے ساتھ

آج کے دن ہم نے ایسا ہی بہت کچھ لو بھی — کر دیا تھا مستقل اس یوم استقلال پر

آج ہم کو جائزہ لینا ہے اپنے حال کا
پھر قدم رکھنا ہے آگے راہ استقبال پر

ابوالاثر حفیظ جالندھری

پچھلے سات سال سے اوسطاً ۴۵ ہزار پاکستانی ہر سال ملک چھوڑ کر جا رہے ہیں

۷۳ء میں ۵۵ ہزار سات سو پاکستانی بیرون ملک گئے

تین لاکھ پاکستانیوں کو بیرونی ملکوں میں روزگار حاصل ہو گیا

حکومت پاکستان اردن کی تجویز پر سنجیدگی سے غور کر رہی ہے

پاکستان سپورٹس فیڈریشن اپنا کردار ادا نہیں کر سکی
ہاکی اور کرکٹ ٹیموں کی ناکامی پر غور کیا جائیگا: پیرزادہ

پاکستانیوں کو بیرون ملک بھیجنے والی تمام ناپسندیدہ ایجنسیوں کو بند کرنے کا حکم

وفاقی وزارت محنت ایجنسیوں کے معاملات کی تحقیقات کرے گی

کینیڈا میں احمدیت

شرانگیز اکابرین

اسلام کی تضحیک

کر رہے ہیں

حکومت پاکستان مداخلت کرے - فریق

بھارتی پارلیمنٹ نے اندرا گاندھی کو انتخابی بدعنوانیوں سے بری قرار دینے کا بل منظور کر لیا

پاکستان نے بہتر تعلقات کے لیے بنگلہ دیش کی کوششوں کا خاطر خواہ جواب نہیں دیا

سرحدوں پر سمگلنگ جاری رہی تو بھارت سے تعلقات کشیدہ ہو جائیں گے: کمال حسین

SUBSCRIPTION RATES:
- FOR ONE YEAR $6.00
- (1ST CLASS MAIL) $8.00
- FOR TWO YEARS $10.00
- (1ST CLASS MAIL) $14.00
- FOR SIX MONTHS $4.00
- (1ST CLASS MAIL) $5.00

The Crescent
338 Hollyberry Trail
Willowdale, Ontario
M2H 2P6
Canada

TELEPHONE: (416) 493 4374

NAME:

ADDRESS:

[illegible] CODE:

TELEPHONE:

U.S. cheques [illegible]